ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

دورۂ سری لنکا کے پہلے پریکٹس میچ میں شاہین آفریدی کی عمدہ بولنگ۔

- تین وکٹیں حاصل کیں۔ حسن علی نے بھی تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا

ہمبنٹوٹا 11 جولائی، 2023ء:

فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے تقریباً ایک سال بعد ریڈ بال کرکٹ میں واپس آتے ہوئے عمدہ بولنگ سے اپنے بلند عزائم ظاہر کر دیے۔

شاہین شاہ آفریدی نے ہمبنٹوٹا میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے دورۂ سری لنکا کے پہلے پریکٹس میچ میں عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 37 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے کامندو مینڈس کو وکٹ کیپر سرفراز کے ہاتھوں کیچ کرایا۔

کاوشکا انجولا کو بولڈ کیا جبکہ وکرما سنگھے کا کیچ سلپ میں عبداللہ شفیق نے کیا۔

یاد رہے کہ شاہین شاہ آفریدی گزشتہ سال پاکستانی ٹیم کے دورۂ سری لنکا کے گال ٹیسٹ میں گھٹنے کی تکلیف میں مبتلا ہوگئے تھے جس کی وجہ سے وہ انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز نہیں کھیل پائے تھے۔

شاہین شاہ آفریدی کو ٹیسٹ کرکٹ میں وکٹوں کی سنچری مکمل کرنے کے لیے صرف ایک وکٹ درکار ہے۔

ہمبنٹوٹا میں دو روزہ پریکٹس میچ کے پہلے دن شاہین شاہ آفریدی اور حسن علی کی عمدہ بولنگ کے نتیجے میں سری لنکن کرکٹ بورڈ الیون 46اعشاریہ 3اوورز میں 196 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

میزبان ٹیم کی اننگز کی خاص بات اوشادا فرنینڈو کی سنچری تھی جنہوں نے 127 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 18 چوکوں کی مدد سے 113 رنز اسکور کیے۔

اکتیس سالہ فرنینڈو 21 ٹیسٹ میچوں میں سری لنکا کی نمائندگی کر چکے ہیں۔

شاہین شاہ آفریدی نے بارہ اوورز میں 37 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

حسن علی نے 22 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ آل راؤنڈر عامر جمال اور لیگ اسپنر ابرار احمد نے بالترتیب 33 اور 52 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

پہلے دن کھیل کے اختتام پر پاکستان نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنائے تھے۔ شان مسعود نے 66 گیندوں پر نو چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 83 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ امام الحق 36 اور عبد اللہ شفیق 25 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ بابر اعظم 14 اور سعود شکیل صفر پر ناٹ آؤٹ تھے۔

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان پہلا ٹیسٹ اتوار سے گال میں کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور۔
سری لنکن کرکٹ بورڈ الیون 196 رنز (46اعشاریہ 3اوورز) اوشادا فرنینڈو 113۔ حسن علی 22 / 3 وکٹ۔ شاہین شاہ آفریدی 37 / 3 وکٹ۔

پاکستان۔160 رنز کھلاڑی 3 آؤٹ۔(شان مسعود 83۔امام الحق 36۔مانا سنگھے 39/2 وکٹ۔)

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial